**07-10-2023**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ..................محمد عمار

**Music**

☆ مختلف وزارتوں کے اہلکاروں پر مشتمل کمیٹی سکم میں اچانک سیلاب سے ہونے والے نقصان اور امداد فراہم کرنے کیلئے کل سے ریاست کا دورہ کرے گی۔ مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 30 ہو گئی ہے جبکہ 81 اب بھی لا پتہ ہیں۔

☆ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کو جڑ سے ختم کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ جناب امت شاہ نے زور دے کر کہا کہ جموں و کشمیر، بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ خطے اور شمال مشرق میں امن و قانون کی صورتحال میں نمایاں بہتری آئی ہے۔

☆ راب پر GST گھٹا کر 5 فیصد کر دیا گیا ہے جس سے گنا کسانوں کو فائدہ ہوگا۔ 70 فیصد موٹے اناج والے آٹے پر GST ، 28 فیصد سے کم کر کے پانچ فیصد کیا گیا ہے۔

☆ اسرائیل کی فضائی فوج نے حماس کے حملے کے بعد جوابی کارروائی کرتے ہوئے غزہ میں ملی ٹینٹ تنظیم کو نشانہ بنایا ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت مشکل کی اِس گھڑی میں اسرائیل کے ساتھ یگانگت کا اظہار کرتا ہے۔

☆ اور ، ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے سونے کے 28، چاندی کے 38 اور کانسے کے 41 تمغوں سمیت 107 تمغے جیت کر تاریخ ساز کارنامہ انجام دیا ہے۔ صدر جمہوریہ، وزیراعظم اور کھیلوں کے محکمے کے وزیر نے شاندار کارکردگی کے لیے بھارتی کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔

(Music)

---------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

## Sikkim Flood

سکم میں اچانک سیلاب آنے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 30 ہوگئی ہے۔ اِن میں بھارتی فوج کے 9 اہلکار بھی شامل ہیں۔ 81 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ مجموعی طور پر ایک ہزار 173 مکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے جبکہ 13 پُل پانی میں بہہ گئے ہیں۔ وہاں بدھ کے روز Lhonak جھیل میں گلیشیر ٹوٹ کر گرنے سے تیستا دریا میں اچانک سیلاب آ گیا تھا۔

سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ نے آج منگن ضلع میں ناگا کے مقام پر متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور امدادی کیمپوں میں بھی گئے جہاں تقریباً 200 افراد نے پناہ لے رکھی ہے۔ وزیر اعلیٰ نے لوگوں کو بھرپور مدد اور امداد کا یقین دلایا ہے۔ انھوں نے ہنگامی مقاصد کیلئے مالی امداد بھی مہیا کرائی ہے۔

اِدھر امور داخلہ کے وزیر مملکت اجے کمار مشرا نے گنگٹوک میں سکم کے چیف سکریٹری اور مختلف محکموں کے نمائندوں کے ساتھ میٹنگ کی صدارت کی۔ ان میں فوج، ITBP، سرحدی سڑک تنظیم اور NHPC شامل ہیں۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی سرکار سکم کے حالات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور ریاست کو ہر طرح کی ضروری امداد فراہم کی جارہی ہے۔

انھوں نے بتایا کہ وزیر اعظم اور مرکزی وزیر داخلہ، سکم کے وزیر اعلیٰ کے ساتھ رابطہ قائم کئے ہوئے ہیں۔ اِدھر مختلف وزارتوں کے اہلکاروں پر مشتمل ایک کمیٹی حقیقی صورتحال کا جائزہ لینے اور نقصانات کا اندازہ لگانے کیلئے کل سے ریاست کا دورہ کرے گی تاکہ اِس کی بنیاد پر مزید امداد فراہم کی جاسکے۔ یہ کمیٹی زراعت، سڑک ٹرانسپورٹ، شاہراہوں، جل شکتی، توانائی اور محکمہ خزانہ کے اعلیٰ افسروں پر مشتمل ہوگی۔

## Uttara Khand Amit Shah Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا ہے کہ ملک سے دہشت گردی کا پوری طرح خاتمہ کرنے کا وقت آ گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی سے نمٹنے کے لیے اب ہمیں بالکل برداشت نہ کرنے کی حکمت عملی اور بالکل برداشت نہ کرنے کی کارروائی کی سمت کام کرنا ہوگا۔

جناب امت شاہ آج دہرہ دون میں آل انڈیا پولیس سائنس کانگریس کی 49ویں میٹنگ سے خطاب کر رہے تھے۔ جناب امت شاہ نے کہا کہ بھارت کی ترقی کی خاطر امن و قانون کے نظام، داخلی سکیورٹی اور سرحدی سکیورٹی کو مستحکم بنانا ہوگا۔ وزیر داخلہ نے یہ بھی کہا کہ پچھلے 9 سال میں میں مرکزی سرکار نے جموں و کشمیر، بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ خطے اور شمال مشرق میں امن و قانون کی صورتحال بہتر بنانے میں نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔

S/B - Amit Shah / Law N Order

جناب امت شاہ نے کہا کہ بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ علاقوں میں تشدد کم ہونے سے ترقی کی رفتار بڑھ گئی ہے۔

اِس سے پہلے دن میں وزیر داخلہ نے ٹِہری ضلعے میں نریندر نگر کے مقام پر مرکزی علاقائی کونسل کی 24ویں میٹنگ کی صدارت کی۔×

## GST Council Meeting

مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن کی صدارت میں آج نئی دلّی میں GST کونسل کی 52 ویں میٹنگ منعقد ہوئی۔ اِس میٹنگ میں خزانے کے وزیر مملکت پنکج چودھری کے علاوہ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے وزراء خزانہ نے شرکت کی۔ میٹنگ کے اختتام پر میڈیا کے افراد کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن نے کہا کہ میٹنگ میں اپیلوں سے متعلق GST ٹرائبونل، موٹے اناج اور گُڑ سے متعلق کئی اہم فیصلے لئے گئے۔ انھوں نے کہا کہ GST کونسل نے گُڑ پر GST کو 28 فیصد سے کم کرکے 5 فیصد کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اِس سے گنّے کے کاشتکاروں کو فائدہ ہوگا۔ وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ 70 فیصد موٹے اناج والے آٹے کو اگر پہلے سے پیک شدہ اور لیبل شدہ شکل کے علاوہ فروخت کیا جائے تو اُس پر صفر فیصد GST عائد ہوگا۔

انھوں نے مزید کہا کہ اگر یہ آٹا پہلے سے پیک شدہ اور لیبل شدہ شکل میں فروخت کیا جائے تو اس پر 5 فیصد GST لاگو ہوگا۔ اپیلوں سے متعلق GST ٹرائبونل کے بارے میں ترامیم پر بات کرتے ہوئے محترمہ سیتا رمن نے کہا کہ ٹرائبونل کے صدر کی مدتِ کار کی عمر زیادہ سے زیادہ 70 سال تک ہوگی، جو کہ اِس سے پہلے 67 سال تھی۔ اِسی طرح ٹرائبونل کے اراکین کی مدتِ کار کی عمر زیادہ سے زیادہ 67 سال ہوگی، جو کہ اس پہلے 65 سال تھی۔ انھوں نے مزید کہا کہ اپیلوں سے متعلق GST ٹرائبونل کے صدر اور ارکان کی تقرری کیلئے کم سے کم عمر 50 سال ہوگی اور ٹرائبونل میں عدالتی رکن کی تقرری کیلئے کم سے کم 10 سال کا تجربہ یافتہ ہونا ضروری ہے۔

وزیر خزانہ نے مزید کہا کہ GST کونسل نے ایکسٹرا نیوٹرل الکحل ENA پر ٹیکس عائد کرنے کا حق، ریاستوں کو سونپ دیا ہے۔ GST کونسل نے لوگوں کے استعمال کیلئے شراب کی مینوفیکچرنگ میں استعمال ہونے والے ایکسٹر نیوٹرل الکحل ENA کو GST کے دائرے سے باہر رکھنے کی سفارش کی ہے۔ قانونی کمیٹی، قانون میں مناسب ترامیم کا جائزہ لے گی تاکہ انسانی استعمال کیلئے شراب کی مینوفیکچرنگ میں استعمال ہونے والے ایکسٹرا نیوٹرل الکحل کو GST کے دائرے سے خارج رکھا جاسکے۔

GST کونسل نے پانی کی سپلائی، صحت عامہ، صفائی ستھرائی، ٹھوس فضلات کے بندوبست، جگّی جھونپڑیوں کی بہتری اور سرکاری حکام کو فراہم کی جانے والی تازہ ترین خدمات کو GST سے مستثنٰی رکھنے کی بھی سفارش کی ہے۔

کونسل نے یہ بھی سفارش کی ہے کہ بھارتی ریلویز کے ذریعے تمام ساز و سامان اور خدمات کی سپلائی پر Forward چارج میکانزم کے تحت ٹیکس عائد کیا جائے تاکہ وہ input ٹیکس کریڈٹ حاصل کرسکے، جس سے بھارتی ریلویز کی لاگت میں کمی آئے گی۔ x

## Israel Hamas

اسرائیل میں حماس کے حملے سے مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 40 ہوگئی ہے۔ تازہ اطلاعات کے مطابق اِس حملے میں 700 سے زیادہ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ مرنے والوں کی تعداد مزید بڑھ سکتی ہے۔

فلسطینی ملیٹنٹ تنظیم حماس نے اچانک حملہ کرتے ہوئے آج غزہ پٹی سے اسرائیل کے جنوبی اور وسطی علاقوں میں ہزاروں راکٹ داغے۔ اسلامی تنظیم کی جانب سے گذشتہ کئی برسوں میں اسرائیل پر یہ اب تک کا سب سے بڑا حملہ ہے۔ حماس نے اسرائیل میں اپنے مسلح ملیٹنٹس کے داخل ہونے کے بعد سرحد کے نزدیک کئی اسرائیلی سپاہیوں کو اپنے قبضے میں لینے کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اِن مسلح افراد نے ایک خاتون کو ہلاک اور 15 کو زخمی کردیا۔

اُدھر اسرائیلی فوج نے کہا ہے کہ اُس نے جوابی کارروائی کرتے ہوئے غزہ میں فضائی حملے کئے ہیں اور Iron Swords نام کی کارروائی شروع کی ہے۔

اسرائیل کی فضائی فوج کے درجنوں لڑاکا جیٹ طیاروں نے غزہ پٹی میں کئی مقامات پر فلسطینی ملیٹنٹ گروپ حماس کو نشانہ بنایا۔

اسرائیل کے وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو نے اعلان کیا ہے کہ اسرائیل نے جنگ چھیڑ دی ہے۔ انھوں نے اعلیٰ سکیورٹی اہلکاروں کی ہنگامی میٹنگ بھی طلب کی۔

اُدھر کئی عالمی رہنماؤں نے اسرائیل پر حماس کے ملیٹنٹس کے حملے کی مذمت کی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے اسرائیل پر حماس کے حملے پر صدمے کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ بھارت مشکل کی اِس گھڑی میں اسرائیل کے ساتھ یگانگت کا اظہار کرتا ہے۔

## Asian Games

چین کے ہانگزو میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے سونے کے 28، چاندی کے 38 اور کانسے کے 41 تمغے سمیت مجموعی طور پر 107 تمغے حاصل کیے ہیں۔ یہ پہلی مرتبہ ہے جب بھارت نے تاریخی کامیابی حاصل کرتے ہوئے 100 سے زیادہ تمغے جیتے ہیں۔ اسی طرح بھارت نے دوسری مرتبہ تین اہم کھیلوں۔ اولمپکس، دولت مشترکہ کھیلوں اور

ایشیائی کھیلوں میں 100 سے زیادہ تمغے حاصل کئے ہیں۔ اِس سے پہلے بھارت نے نئی دلّی میں منعقدہ 2010 کے دولت مشترکہ کھیلوں میں 101 تمغے جیتے تھے۔

مردوں کی کبڈی کی ٹیم نے ایران کو 29-33 سے ہراکر سونے کا تمغہ جیتا۔ مردوں کی کرکٹ ٹیم نے بھی سونے کا تمغہ حاصل کیا۔ افغانستان کے خلاف فائنل میچ بارش کے سبب رد کر دیا گیا۔

بھارت کے مردوں اور خواتین کی شطرنج کی ٹیموں نے بھی چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔

کشتی میں مردوں کے 86 کلو گرام کے فری اسٹائل زمرے میں چاندی کا تمغہ حاصل کیا۔ بھارت کی خواتین ہاکی ٹیم نے جاپان کو ایک گول کے مقابلے دو گول سے ہراکر کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔ بیڈمنٹن میں چراغ شیٹی اور ستوِک سائیراج رنکے ریڈی کی جوڑی نے مردوں کے ڈبلز مقابلے میں سونے کا تمغہ جیتا۔ بھارت نے پہلی مرتبہ ایشیائی کھیلوں میں بیڈمنٹن میں سونے کا تمغہ جیتا ہے۔ بھارتی جوڑی نے جنوبی کوریا کی جوڑی Choi Solgyu اور Kim Won-ho کو سیدھے مقابلے میں اکیس-اٹھارہ، اکیس-سولہ سے شکست دی۔

خواتین کبڈی ٹیم نے بھی سونے کا تمغہ جیتا، جبکہ مردوں کے انفرادی تیراندازی کمپاؤنڈ مقابلوں میں بھی سونے کا تمغہ حاصل ہوا ہے۔ تمغوں کی فہرست میں بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، وزیر اعظم نریندر مودی اور نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے ایشیائی کھیلوں میں بھارتی کھلاڑیوں کی شاندار کارکردگی کی تعریف کی ہے اور انھیں مبارکباد دی ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پورا ملک بہت زیادہ خوش ہے کہ ہمارے کھلاڑیوں نے ایشیائی کھیلوں میں 100 سے زیادہ تمغے جیتے ہیں۔

وزیر اعظم آئندہ 10 اکتوبر کو ایشیائی کھیلوں میں حصہ لینے والے بھارتی کھلاڑیوں کے واپس آنے کے بعد اُن کی ضیافت کریں گے اور اُن کے ساتھ بات چیت کریں گے۔

بھارت کیلئے 100 واں تمغہ، خواتین کبڈی ٹیم نے جیتا۔ ایک دلچسپ مقابلے میں بھارتی ٹیم نے چینی تائپی کی ٹیم کو 25-26 سے ہرایا۔

وزیر اعظم نے اِس تاریخی جیت پر خواتین کی کبڈی ٹیم کی ستائش کی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ جیت، ہماری خاتون کھلاڑیوں کے ناقابل تسخیر عزم کا ثبوت ہے۔ x

## Karnatak Gaganyaan

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے گگن یان مشن کیلئے خلائی راکٹ مشن ایک TV-D1 کی تیاری شروع کردی ہے۔ سوشل میڈیا پر خلائی ایجنسی نے جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ گگن یان مشن کیلئے آزمائشی پرواز جلد کی جائے گی۔ اِس

میں کوئی خلا باز سوار نہیں ہوگا۔

اِسرو Crew Escap System کے موثر ہونے کی آزمائش اور جانچ کرے گی جو گگن یان مشن کا ایک اہم حصہ ہے۔ اس کے بعد 2024 تک باہری خلا کیلئے بغیر خلاباز اور پھر خلا بازوں کے ساتھ مشن روانہ کئے جائیں گے۔ یہ آزمائش سری ہری کوٹہ میں ستیش دَھون خلائی مرکز میں کی جائے گی۔

Crew Module، خلا نوردوں کو گگن یان مشن کے دوران باہری خلا میں لے جائے گا۔

یہ آزمائش Crew Module کو باہری خلا میں لے جانے اور کرۂ ارض پر واپس لانے نیز خلیج بنگال میں نیچے پہنچنے پر اِس کی بازیابی پر مشتمل ہے۔

بھارتی بحریہ کے اہلکاروں نے Module کو پھر سے حاصل کرنے کیلئے پہلے ہی مشق شروع کردی ہے۔ اِس آزائش کی کامیابی سے بغیر خلا باز کے پہلے گگن یان مشن اور پھر کرۂ ارض کے نچلے مدار میں باہری خلا تک خلا باز کے ساتھ مشن بھیجنے کی راہ ہموار ہوجائے گی۔x

## Jitendra Singh Cahotech

مرکزی وزیر جتیندر سنگھ نے کہا ہے کہ بھارت کا، طبی تکنیک اور سازوسامان کا بڑا عالمی مرکز بننا طے ہے۔ سال 2050 تک مارکیٹ کے حجم کے 50 ارب ڈالر تک پہنچنے کا تخمینہ لگایا ہے جبکہ سرِدست یہ 11 ارب ڈالر ہے۔ وزیر موصوف نے آج نئی دلّی میں حفظان صحت کی ٹیکنالوجی سے متعلق آٹھویں سالانہ بین الاقوامی کانفرنس CAHOTECH سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی، جس کا اہتمام حفظان صحت سے متعلق تسلیم شدہ تنظیموں کے کنسورشیم نے کیا تھا۔

ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے کہا کہ اعلیٰ تکنیک کے طبی آلات کیلئے عالمی مسابقت کے تناظر میں بھارت حفظان صحت کا سازوسامان تیار کرنے والے دنیا کے چوٹی کے پانچ ملکوں میں ابھرکر سامنے آیا ہے لیکن اِن آلات کی قیمت کافی کم ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سرکار کو امید ہے کہ اگلے 25 سال میں مارکیٹ میں بھارت کی حصے داری ڈیڑھ فیصد سے بڑھ کر 10 سے 12 فیصد تک ہوجائے گی۔

ڈاکٹر سنگھ نے کہا کہ 2023 کی طبی آلات سے متعلق قومی پالیسی اور طبی آلات سے متعلق برآمدات کو فروغ دینے کی کونسل کے قیام کا مقصد بھارت کو طبی آلات تیار کرنے والا ایک بڑا مرکز بنانا ہے۔x

## UP IAF Ensing

بھارتی فضائی فوج کل 91ویں یوم تاسیس کے موقع پر اترپردیش کے پریاگ راج میں اپنے نئے مخصوص نشان کی نقاب

کشائی کرے گی۔ فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل وی آر چودھری پریاگ راج میں Bamrauli کے مقام پر ایئر فورس ڈے پریڈ میں بھارتی فضائیہ کے نئے مخصوص نشان کی نقاب کشائی کریں گے۔

بھارتی فضائی فوج پریاگ راج میں سنگم کے علاقے میں فضائی کرتب کا بھی مظاہرہ کرے گی۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ بھارتی فضائی فوج کی اقدار کی بہتر عکاسی کیلئے فضائیہ کا ایک نیا مخصوص نشان تیار کیا گیا ہے۔x

## Ferry Service India Srilanka

بھارت، اِس مہینے کی 10 تاریخ کو ناگاپٹنم سے پڑوسی ملک سری لنکا تک کشتی کی خدمات شروع کرے گا۔ یہ کشتی 30 منٹ میں سری لنکا میں واقع Kankesanthurai بندرگاہ پہنچ جائے گی۔ کشتی خدمات میں سہولت فراہم کرنے کیلئے مرکزی حکومت نے 3 کروڑ روپے کی لاگت سے ناگاپٹنم بندرگاہ کو بہتر بنایا ہے۔ اِس کے ذریعے مسافر، 6 ہزار پانچ سو روپے ادا کرکے سری لنکا تک سفر کرسکتے ہیں۔ اب کشتی کی خدمات کی آزمائش اِس مہینے 8 اور 9 تاریخ کو کی جائے گی تاکہ 10 تاریخ کو باضابطہ طور پر اس کا آغاز کیا جاسکے۔ x

## Afghanistan Earth Quake

افغانستان کے مغربی علاقوں میں آج آئے زلزلے میں کم سے کم 15 افراد ہلاک اور 78 زخمی ہوگئے ہیں۔ امریکی جیولوجیکل سروے نے کہا ہے کہ چھ اعشاریہ تین شدت کے زلزلے کا مرکز، ہرات شہر کے 40 کلو میٹر شمال مغرب میں تھا۔ کم سے کم تین مرتبہ زلزلے کے جھٹکے محسوس کیے گئے۔ افغان حکام نے کہا ہے کہ زلزلے کے سبب متعدد عمارتوں کو نقصان پہنچا ہے۔ بہت سے لوگ عمارتوں کے ملبے پھنسے ہوئے ہیں۔ افغانستان میں بالخصوص ہندوکُش پہاڑی خطے میں اکثر و بیشتر زلزلے آتے رہتے ہیں۔ x

## Cricket World Cup

ICC کرکٹ ورلڈ کپ میں آج دھرم شالہ میں بنگلہ دیش نے افغانستان کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔ بنگلہ دیش نے 157 رن کا جیت کا نشانہ 34 اوورس اور چار گیندوں میں چار وکٹ کھوکر حاصل کرلیا۔ مہدی حسن معراج اور نجم الحسین نے ہاف سنچریاں بنائیں۔

اِس سے پہلے بنگلہ دیش نے ٹاس جیت کر افغانستان سے بلے بازی کرنے کو کہا اور افغانستان کی پوری ٹیم صرف 37 اوورس اور دو گیندوں میں 156 رن بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ Gurbaz نے سب سے زیادہ 47 رن بنائے۔ بنگلہ دیش کی طرف سے ثاقب اور مہدی حسن نے تین تین وکٹ لئے۔ مہدی حسن کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

اِدھر آج کا دوسرا میچ دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں کھیلا جارہا ہے۔

جنوبی افریقہ نے سری لنکا کے سامنے 429 رن کا بڑا نشانہ رکھا ہے اور سری لنکا نے اب سے کچھ دیر پہلے تک 33. اوورس میں 7 وکٹ پر 235 رن بنالئے تھے۔

اس سے پہلے سری لنکا نے ٹاس جیت کر جنوبی افریقہ سے بلے بازی کرنے کو کہا اور اس نے 50 اوورس میں پانچ وکٹ پر 428 رن کا بڑا اسکور بنایا۔ جنوبی افریقہ کی طرف سے De Cock، Van Der Dussen اور Markram نے سنچریاں بنائیں۔

Markram نے صرف 49 گیندوں پر ورلڈ کپ کی سب سے تیز رفتار سنچری بنائی۔x

☆☆☆☆